**Most Immediate**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2026/ 1503**
**Date: 05 August, 2026**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 56 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 131st, 132nd ,133rd , 134th , 135th ,136th, 137th, 138th, 139th and 140th groups as at Annexure-II will be taken-up on 10th ,11th ,17th ,18th,21st ,24th ,28th ,31st August, 1st September and 4th September 2026, respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non-receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:-www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-VIII**

Endst: No. & Date Even
Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. The Principal Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Hon'ble Speaker.
8. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. The Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. The Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The A.P.S to Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Secretary.
12. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
13. The Deputy Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
14. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
15. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-VIII**

**ANNEXURE-I**

**ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA**

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 131st | Monday 10th August, 2026 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare, Special Education & Women Empowerment |
| 132nd | Tuesday 11th August, 2026 | • Food<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 133rd | Monday 17th August, 2026 | • Agriculture<br>• Housing<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Public Health Engineering |
| 134th | Tuesday 18th August, 2026 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Home & Tribal Affairs |
| 135th | Friday 21st August, 2026 | • Minerals Development<br>• Labour<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |
| 136th | Monday 24th August, 2026 | • Irrigation |
| 137th | Friday 28th August, 2026 | • Food<br>• Information & Public Relation<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 138th | Monday 31st August, 2026 | • Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Public Health Engineering |
| 139th | Tuesday 1st September, 2026 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum |
| 140th | Friday 4th September, 2026 | • Minerals Development<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نودیں اجلاس کا 131 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 10 اگست 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 29, 2025 -- 12:55 PM - Fri
سوال نمبر **Question # 1814**
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ آئین کے آرٹیکل (B)1603 کے تحت صوبائی حکومت ہر سال ایوان میں دو رپورٹس پیش کرنے کی پابند ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ دو سال کے دوران یہ رپورٹس کب اور کس تاریخ کو ایوان میں پیش کی گئیں اور ان میں کن امور کا احاطہ کیا گیا؟ تفصیل مہیا کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 11, 2026 -- 11:30 AM - Wed
سوال نمبر **Question # 2076**
**Sent to Dept Date:** Mar 18, 2026 - Wed
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زکواۃ، عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی حکومت مستحق خاندانوں میں رمضان پیکج بانقدر قوم تقسیم کرے گی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) تو وضاحت دی جائے کہ اس سال رمضان پیکج کس فارمولے اور طریقہ کار کے تحت تقسیم ہو گا؟

(ii) اس پورے عمل کو کس طرح شفاف بنایا جائے گا اس کے لیے کیا حکمت عملی ترتیب دی گئی ہے؟

**Notice Date :** Apr 14, 2026 -- 03:05 PM - Tue
سوال نمبر **Question # 2152**
**Sent to Dept Date:** Jul 15, 2026 - Wed
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95

کیاوزیر امداد، بحالی و آبادکاری ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کرم میں آپریشن متاثرین کے لیے راشن اور امدادی سامان کی تقسیم کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حالیہ امدادی سامان کی خریداری اور تقسیم کس طریقہ کار کے تحت کی گئی اور اس کے کنٹریکٹس کن کو دیے گئے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 27, 2026 -- 01:00 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 2140**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2026 - Thu
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بینک آف خیبر نے گزشتہ سال مارکیٹنگ کی مد میں تقریباً تیس کروڑ روپے خرچ کیے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) اس مارکیٹنگ کے نتیجے میں حاصل ہونے والی آمدنی اور دیگر فوائد کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مارکیٹنگ پر خرچ کی گئی تیس کروڑ روپے کی رقم کن کن مدات میں خرچ ہوئی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2026 -- 04:25 PM - Wed
سوال نمبر**Question # 2139**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2026 - Thu
**جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر امداد، بحالی و آبادکاری ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ امداد، بحالی و آبادکاری مختلف اقسام کے ساز و سامان کی خریداری کے لیے ٹینڈر جاری کرتا ہے؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) گزشتہ تین سالوں کے دوران مختلف اقسام کے ساز و سامان کی خریداری کے لیے جاری کیے گئے تمام ٹینڈرز کی تفصیلات، بشمول ٹینڈر نمبر، تاریخِ اجراء، مطلوبہ ساز و سامان، کامیاب فرم، منظور شدہ لاگت اور فراہمی کی حیثیت، فراہم کی جائیں۔

(ii) ٹینڈر جاری کرنے کا طریقہ کار، قواعد و ضوابط، نیز مذکورہ ٹینڈرز کے تحت خریدے گئے ساز و سامان کی ضلع وار تقسیم کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 132 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 11 اگست 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:51 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1428**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ دس سالوں کے دوران کن کن اضلاع میں کن مقامات پر کیڈٹ کالجوں کی منظوری دی گئی ہے؟

(ب) مذکورہ منظور شدہ کیڈٹ کالجوں میں کتنے کالجوں کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے؟ اور کتنے زیر تعمیر ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) مذکورہ کیڈٹ کالجوں کے لئے مختص فنڈز کی الگ الگ مالیت کیا ہے؟ نیز جو کالج مکمل ہوئے ان پر اُٹھنے والے اخراجات کی کالج وار مالیت کیا ہے؟

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:13 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1602**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان میں پٹن کالج موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ کالج میں منظور شدہ پوسٹوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور موجودہ وقت کتنا عملہ تعنیات ہے اور کون کون سے پوسٹ پر کام کر رہا ہے

(ii) طلباء کی پڑھائی کی کیا صورتحال ہے۔ نیز مذکورہ کالج میں سٹاف کی کمی کو کب تک پورا کیا جائے گا۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:40 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1496**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضم اضلاع میں کالجوں کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے اور ان میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کی تعداد کالج وار فراہم کی جائے۔

(ب) ضلع باجوڑ میں طلباء وطالبات کے کتنے کالجز کن کن علاقوں میں موجود ہیں، آیا یہ کالجز طلباء وطالبات کے تناسب سے کافی ہیں؟ نیز داخلہ کے لیے کیا لائحہ عمل اور طریقہ کار ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 29, 2025 -- 03:50 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 1687**
**Sent to Dept Date:** Aug 04, 2025 - Mon
جناب محمد عبدالسلام صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اسمبلی کی طرف سے مورخہ 11 نومبر 2024 کو متفقہ طور پر پاس کردہ قرارداد نمبر 112 محکمہ ہذا کو موصول ہوئی تھی؟ (کاپی لف ہے)

(ب) مذکورہ قرارداد میں محکمہ سے متعلق امور پر تاحال حکومت نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 29, 2025 -- 03:52 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 1697**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
جناب محمد عبدالسلام صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا میں مورخہ 11 نومبر 2024 کو متفقہ طور پر پاس کردہ قرارداد نمبر 112 کے ضمن میں محکمہ سے متعلق اُمور پر تاحال حکومت نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 05:32 PM - Fri
**Question # 1742**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)سال2025 کے سالانہ امتحانات میں اس مرتبہ دسویں جماعت میں کتنے فیصد معذور بچوں نے امتحان دیا، کتنے فیصد معذور بچے اس امتحان میں کامیاب اور کتنے فیل ہوئے؟تفصیل فراہم کریں۔

(ب)اگر معذور بچوں کی فیل ہونے کی شرح زیادہ ہے تو اسکی وجہ کیا ہے؟تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Aug 12, 2025 -- 09:32 AM - Tue
**Question # 1735**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حکومت گرلز سکولوں میں درج بچیوں کو وظیفہ مہیاکرتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو

(i)کیایہ سکیم اب بھی موجود ہے؟اور کس جماعت کی طالبات کو یہ وظیفہ ادا کیا جاتا ہے اور اس وظیفہ کی ماہانہ رقم کتنی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے

(ii)اگر یہ سکیم اب موجود نہیں تو حکومت پھر کب شروع کرنے کاارادہ رکھتی ہے؟

**Notice Date :** Aug 12, 2025 -- 12:30 PM - Tue
**Question # 1740**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ تعلیمی سال2024۔25میں صوبہ بھر کے تمام تعلیمی بورڈز کے تحت سرکاری و نجی سکولوں کے نویں اور میٹرک سالانہ امتحانات منعقد ہوئے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:

(i)سال2024۔25میں مجموعی کامیابی کاتناسب(فیصد)کیارہا؟اور ضلع وار کامیابی کاتناسب کیاہے؟

(ii)سرکاری اور نجی سکولوں کی کامیابی کاتناسب(فیصد)علیحدہ علیحدہ ضلع وار تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 09, 2025 -- 04:45 PM - Tue
**Question # 1820**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم،ارکائیوز و کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ پشاور یونیورسٹی کی باڑہ گلی کیمپس میں سیزن کے دوران کئی دوسری یونیورسٹیوں کے بھی مختلف تعلیمی پروگرامز منعقد ہوتے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو ہزارہ ڈویژن میں موجود یونیورسٹیوں کے بھی اسی کیمپس میں تعلیمی پروگرام منعقد ہوتے ہیں یا نہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کرے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:12 AM - Fri
**Question # 1825**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے خوراک ارشاد فرمائیں کہ:

(الف)کیایہ درست ہے کہ حالیہ سیلابی تباہ کاریوں کے بعد صوبے میں غذائی قلت اور گرانفروشی کے مسائل پیدا ہوئے ہیں یا ہونے کااندیشہ ہے؟

(ب)اگر حصہ(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ بتایا جائے کہ ان مسائل سے نمٹنے کے لیے محکمہ خوراک نے کیااقدامات اٹھائے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 29, 2025 -- 11:30 AM - Mon
سوال نمبر**Question # 1868**
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیادرست ہے کہ صوبے کے مختلف بورڈز آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے نویں اور دسویں کے امتحانات کے پرچوں کی مارکنگ بہت سخت کی گئی تھی؟ جس میں کوہاٹ بورڈ کی مارکنگ سارے بورڈز سے بہت سخت تھی؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے اسکی جانچ پڑتال کے لیےایک subject Specific Appraisal کمیٹی بنائی تھی؟

(ج)آیایہ بھی درست ہے کہ اس کمیٹی کی ہدایت کی روشنی میں کوہاٹ بورڈ نے ٹاپ70 طلباء کے پرچوں کی Post-evaluation remarkingکی تھی؟

(د)اگر(الف)اور(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i)کوہاٹ بورڈ کے ٹاپ70 طلباء کے نام اوران سب کو کتنے اضافی نمبرات دیئے گئے؟اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)آیاواقعی ٹاپ70امیداروں کے پرچے دوبارہ جانچ کیے گئے ہیں یا ان میں بھی کسی قسم کی پسند وناپسند(Favoritism)سے کام لیاگیا؟

(iii)نیز صرف انہی70امیداروں کو جو رعایت یاریلیف فراہم کیاگیاہے۔وہ کس قانون یاضابطہ جاتی بنیادپر دیاگیاہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 06, 2025 -- 12:42 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1873**
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)صوبائی حکومت نے سال2019سے2024تکPK70اورPK71میں کتنے سکولوں کوپرائمری سے مڈل،مڈل سے ہائی،ہائی سے ہائیر سیکنڈری کواپ گریڈ کیا؟نیزاسی دوران مذکورہ حلقوں میں کتنے نئے سکول قائم کئے گئے ہیں؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:35 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 1999**
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاصوبائی وزیر برائے اعلیٰ تعلیم،ارکائیوز وکتب خانے ازراہِ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع ہری پور کے گرلز اور بوائز کالجز کا کچھ کلاس فور سٹاف ضلع کے دیگر محکموں یاافسران کے دفاتر میں تعینات ہے،جس کے باعث متعلقہ کالجز میں سٹاف کی کمی کاسامناہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:-

(i)ضلع ہری پور کے گرلز اور بوائز کالجز میں سکیل1 سے سکیل10 تک کل کتناعملہ تعینات ہے؟ان کے نام،عہدہ،سکیل،پتہ،تعیناتی کی جگہ اور مدتِ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)وہ ملازمین جو کالجز کے بجائے دیگر محکموں یاافسران کے دفاتر میں تعینات ہیں،ان کی تفصیل بھی فراہم کی جائے،نیز یہ وضاحت کی جائے کہ ان کی تعیناتی کس انتظامی حکم کے تحت کی گئی۔

**Notice Date :** Nov 17, 2025 -- 02:32 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1905**
**Sent to Dept Date:** Dec 01, 2025 - Mon
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں کئی سالوں سے گرلز گائیڈ ایسوسی ایشن کی کوئی ایکٹیوٹی نہیں ہوئی؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو؛

(i)گرلز گائیڈ ایسوسی ایشن کے نام پر تعلیمی ادارے ہر سال طالبات سے فیس کی مد میں کتنے پیسے وصول کرتے ہیں؟

(ii)اگر صوبے میں گرلز گائیڈ ایسوسی ایشن کی کوئی ایکٹیوٹی نہیں ہوئی تو اس فنڈ کو کہاں استعمال کیا جارہاہے؟؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 133 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 17 اگست 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:42 PM - Mon
**Question # 1588** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Law Parliamentary Affairs & Human Rights state that:
(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?
(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department / subordinate department? If so the details there of, if not the reasons there of:
(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of :
(i) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:01 PM - Mon
**Question # 1572** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اربن ایریا ڈیویلپمنٹ اتھارٹی (UADA) ڈیرہ اسماعیل خان کے پانچویں بورڈ میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 میں صرف ملازمین کو گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج دینے کیلئے پلاٹوں کی نیلامی کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ملازمین پیکج کے لئے کتنے پلاٹس نیلام کئے گئے اور حاصل شدہ رقم سے کتنے ملازمین کو گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج کے تحت رقوم دی گئیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:18 AM - Tue
**Question # 1468** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے بجٹ میں تحصیل ٹوپی کے لئے پینے کے صاف پانی کے منصوبے منظور کیے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ منصوبوں کی تعداد کتنی تھی ان پر کل کتنا فنڈ خرچ کیا گیا ہے نیز مکمل شدہ اور نامکمل منصوبوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:39 AM - Wed
**Question # 2016** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) تحصیل ہری پور میں ٹی ایم اے نے سال 2023 سے 2025 تک کل کتنے پراجیکٹس / سکیمیں شروع کیں؟ ان پراجیکٹس / سکیموں کے نام، تخمینہ لاگت، جس مقام پر سکیم لگائی گئی، مدتِ تکمیل اور تکمیل کی تاریخ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ عرصہ کے دوران شروع کی گئی وہ سکیمیں جو تاحال مکمل نہیں ہوئیں یا جن پر کام جاری ہے، ان کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز مقررہ مدت کے اندر سکیم مکمل نہ ہونے کی وجوہات بھی بتائی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:44 AM - Wed
**Question # 2018**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) ضلع ہری پور کی تینوں تحصیلوں کی ٹی ایم ایز میں کل کتنا سٹاف موجود ہے، اور وہ کہاں کہاں تعینات ہیں؟

نیز، ہر ملازم کا نام، پتہ، عہدہ، تعیناتی کی جگہ اور عرصہ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 08, 2025 -- 06:10 PM - Mon
**Question # 1817**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
**محترمہ افشاں حسین صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مینگورہ سوات میں حالیہ تباہ کن سیلاب کی ایک بڑی وجہ ندی نالوں کی بروقت صفائی نہ ہونا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اگر صفائی کا عمل بروقت کیا جاتا تو نقصانات کم ہو سکتے تھے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) ندی نالوں کی صفائی میں تاخیر یا کوتاہی کی اصل ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے؟ اس غفلت پر کسی افسر یا اہلکار کے خلاف انکوائری یا کاروائی شروع کی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) آئندہ ایسے واقعات سے بچنے کے لیے ندی نالوں کی بروقت صفائی اور مرمت کے لیے کیا عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:46 PM - Wed
**Question # 1949**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں محکمہ زراعت کے دفاتر موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع لوئر کوہستان میں موجود آفسر اور سب آفسر کی فہرست سمیت منظور شدہ آسامیاں کی تعداد، ان پر تعینات افسران واہلکاروں اور خالی آسامیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:58 PM - Wed
**Question # 1878**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 23, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرِ زراعت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع کوہستان لوئر میں پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار میں اضافہ کرنے اور منڈیوں کی ترقی کے لیے اقدامات کر رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار میں اضافہ کے لیے محکمہ کی حکمتِ عملی اور معاونتی پروگرامز کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ii) ضلع میں زرعی منڈی کے بنیادی ڈھانچے (جیسے سبزی منڈی، فروٹ منڈی وغیرہ) کی موجودہ حیثیت اور آئندہ ان کی اپ گریڈیشن سے متعلق مجوزہ منصوبوں کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Apr 14, 2026 -- 02:46 PM - Tue
**Question # 2150**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 13, 2026 - Mon
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زراعت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع صوابی میں کسانوں کی ترقی کے لیے مختلف مالی معاونت کی سکیمیں متعارف کرائی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ تین برسوں کے دوران محکمہ کی جانب سے ضلع صوابی کے کسانوں کو دی گئی سبسڈیز اور مراعات کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 02, 2026 -- 10:00 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 2158**
**Sent to Dept Date:** Jul 17, 2026 - Fri
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ہاؤسنگ ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ جلوزئی ہاؤسنگ اسکیم، نوشہرہ میں تاحال مساجد، پولیس سٹیشن، سکولز، کالجز اور ہسپتالوں کی تعمیر مکمل نہیں کی گئی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث پلاٹ الاٹیز کی جانب سے رہائش اختیار نہ کرنے یا گھروں کی تعمیر میں تاخیر کے حوالے سے موجود تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ii) مساجد، پولیس سٹیشن، سکولوں، کالجوں اور ہسپتالوں کی تعمیر کے لیے کیا منصوبہ بندی کی گئی ہے ؟ نیز ان سہولیات کی تکمیل کی متوقع مدت اور اب تک تاخیر کی وجوہات کی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 30, 2026 -- 02:13 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 2162**
**Sent to Dept Date:**
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر قانون، پارلیمانی امور وانسانی حقوق ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ قانون، پارلیمانی امور وانسانی حقوق نے صوبے میں عدالتی نظام میں اصلاحات کے لیے اب تک کیا اقدامات کیے ہیں ؟

(ب) مذکورہ اصلاحات کے سلسلے میں اگر کسی ماہر (Experts)، کنسلٹنٹ یا ادارے کی خدمات حاصل کی گئی ہیں تو ان کی تعداد، ادارہ، شعبۂ مہارت، تقرری کی نوعیت، مدتِ تقرری کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) عدالتی مقدمات کے جلد فیصلے،، انصاف کی بروقت فراہمی اور عدالتی نظام کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے حکومت کا موجودہ لائحہ عمل کیا ہے ؟ اگر اس حوالے سے کوئی پالیسی، اصلاحاتی پروگرام زیر عمل یا زیر غور ہے تو اس کی موجودہ پیش رفت، متوقع مدتِ تکمیل اور عمل درآمد کی ٹائم لائن سے متعلق تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jul 14, 2026 -- 02:28 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 2157**
**Sent to Dept Date:** Jul 17, 2026 - Fri
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبنوشی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ایبٹ آباد میں گزشتہ تین برسوں کے دوران محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے تحت پانی کی فراہمی کی کتنی سکیمیں منظور، مکمل اور زیرِ تکمیل ہیں ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مالی سال 2025۔2026 اور 2026۔2027 کے دوران ضلع ایبٹ آباد میں پانی کی فراہمی کی سکیموں کے لیے کتنی رقم مختص، جاری اور خرچ کی گئی ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 14, 2026 -- 02:29 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 2163**
**Sent to Dept Date:** Jul 20, 2026 - Mon
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) مالی سال 2025-2026 کے دوران ضلع ایبٹ آباد کی تمام تحصیلوں، نیبر ہڈ کونسلوں اور ویلج کونسلوں کے لیے فنڈز جاری کیے گئے ؟ اس کی تحصیل وار اور کونسل وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) ضلع ایبٹ آباد میں لوکل گورنمنٹ کے کتنے منصوبے زیرِ غور، زیرِ تعمیر اور مکمل ہو چکے ہیں ؟ ان منصوبوں کی لاگت کی تحصیل وار اور کونسل وار تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 134 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 18 اگست 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:18 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1391**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پولیس میں ڈی ایس پی/سب انسپکٹرز/اسسٹنٹ سب انسپکٹرز اور کانسٹیبل کی فی میل آسامیاں خالی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ کل کتنی آسامیاں کتنے عرصے سے خالی ہیں ضلع وائز اور (خصوصاً ضلع ایبٹ آباد کی نیز محکمہ ان آسامیوں کو پُر کرنے کا کب تک ارادہ رکھتی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:21 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1542**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ادویات کی جانچ پڑتال کیلئے Drug Regulatory Authority کا قیام عمل میں لایا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پشاور سمیت صوبے کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں جعلی ادویات فروخت ہو رہی ہیں اور بعض ادویات کو اصل قیمت سے زیادہ میں فروخت کیا جارہا ہے جعلی ادویات کی روک تھام کیلئے محکمہ نے کیا اقدامات کیے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:06 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1474**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ میں بہت سارے پروجیکٹ ایڈیشنل چارج پر سالہا سال سے چلائے جا رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو موجودہ مالی سال 2024-25 میں رورل ڈیولپمنٹ سیکشن میں کل کتنے پروجیکٹس ہیں جو ایڈیشنل چارج پر دیئے گئے ہیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:07 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1423**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ فاٹا ریگولرائزیشن ایکٹ 2022 کے تحت محکمہ پی اینڈ ڈی کے گریڈ 1 سے 19 کے 226 ملازمین کو ریگولرائز کیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان 226 ملازمین کو پی پی ایس (Provincial Planning Services) اور منسٹیریل کیڈر میں ایڈجسٹ کیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اب تک ان میں سے 44 افسران کو پی پی ایس (Provincial Planning Services) اور باقی ملازمین کو مینسٹیریل کیڈر میں ایڈجسٹ کیوں نہیں کیا گیا؟ نیز کب تک انہیں مطلوبہ پی پی ایس کیڈر میں شامل کیا جائے گا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 01:23 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1774**
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر کھیل اورامور نوجوانان ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ کھیل مردان میں وقتاً فوقتاً کھیلوں اور تفریح کے ایونٹ منعقد کرتا ہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو گزشتہ 5 سالوں کے دوران محکمہ کھیل وامور نوجوانان نے ضلع مردان میں خصوصاً تعلیمی اداروں میں خواتین کے لیے کتنے پروگرامز منعقد کئے ہیں؟تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:39 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 1804**
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع ہری پور کے مختلف BHU'sاورRHC'sمیں مختلف تشخیصی مشینیں دستیاب ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو کن کن BHU's،RHC'sمیں کون کون سی مشینیں دستیاب ہونے کے باوجود استعمال نہیں ہو رہی ہیں؟نیز مشینوں کانام بمعہ BHU's،RHC'sاور ہسپتالوں کے نام فراہم کی جائیں۔مزید کون سی مشینوں کی ضرورت ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:06 AM - Fri
سوال نمبر**Question # 1846**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال ضلع لوئر کوہستان میں کچھ آسامیاں خالی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو توڈاکٹرزاور دیگر عملے کی کتنی اور کونسی آسامیاں تاحال خالی ہیں نیزان میں کتنی منظور شدہ اور کتنی پراجیکٹ کی آسامیاں ہیں؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:08 AM - Fri
سوال نمبر**Question # 1818**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال اپر کوہستان میں مشینری ادویات اور دیگر سامان کی خریداری کی گئی تھی؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو

(i)سال 2020 سے 2024 تک کتنی بار خریداری کی گئی ہے اور اس پر کتنی لاگت آئی؟

(ii)میڈیکل سامان اور مشینوں اور ادویات کی خریداری کے ٹھیکے کس کس کو اور کب دیئے گئے؟مذکورہ پیریڈ کا ریکارڈ فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Sep 18, 2025 -- 03:53 PM - Thu
سوال نمبر**Question # 1849**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبائی حکومت صوبہ بھر کے مختلف ہسپتالوں میں صحت کارڈ کی سہولت دے رہی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو

(i)صوبہ بھر کے کن کن ہسپتالوں میں یہ سہولت دی جارہی ہے؟تمام ہسپتالوں کی مکمل تفصیل ضلع وار فراہم کی جائیں۔

(ii)صحت کارڈ کے تحت مریض کن بیماریوں کا علاج ہو سکتا ہے؟اور کن کن بیماریوں کی سرجری صحت کارڈ کے ذریعے ممکن ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

(iii)صحت کارڈ کے ذریعے چند بڑے سرجریز کی نام اور ان کی مد میں صحت کارڈ سے کٹوتی/منہاہونے والی رقم کی ادائیگی کی تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 18, 2025 -- 03:54 PM - Thu
**Question # 1842**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں صحت کارڈ کی سہولیات میسر ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف سرجریز اور خصوصاً آرتھوپیڈکس کے حوالے سے سرجری میں استعمال ہونے والی کون کون سی ادویات اور امپلانٹس وغیرہ مریض کو مہیا کی جاتی ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 22, 2025 -- 02:50 PM - Mon
**Question # 1939**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا میں صحت کے شعبے میں کوئی بین الاقوامی NGOs یا دیگر بین الاقوامی ادارے محکمہ صحت کے ساتھ مل کر کام کررہے تھے یا کام کر رہے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)سال 2023ء سے تاحال جن بین الاقوامی اداروں کے ساتھ پروجیکٹس چلائے گئے ان کے نام اور لاگت کی تفصیل ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)مذکورہ پروجیکٹس سے کتنے افراد کو صحت کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں نیز ان سے ملازمت کے مواقع کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(د)مذکورہ پروجیکٹس کی آڈٹ یا مانیٹرنگ کی گئی نیز منصوبوں کی اب تک کی کیا پیشرفت ہوئی، مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 22, 2025 -- 02:51 PM - Mon
**Question # 1855**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت میں آئی ٹی آفیسرز(IT Officers) باقاعدہ طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)محکمہ ہذا میں اس وقت کتنے آئی ٹی آفیسرز کب سے اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں؟

(ii)یہ افسران کن کیڈرز(Cadres) یا گریڈز میں کام کر رہے ہیں؟کیا آئی ٹی آفیسرز کے لیے کوئی سروس اسٹرکچر موجود ہے؟

(iii)ان کی ترقی(Promotion) کا کیا طریقہ کار ہے؟کیا اس حوالے سے کوئی پالیسی یا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے؟

**Notice Date :** Sep 22, 2025 -- 06:00 PM - Mon
**Question # 1864**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ جمیلہ پراچہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر کھیل اور امور نوجوانان ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)کوہاٹ اسٹیڈیم پر تعمیر اور ترقیاتی کاموں کی کل لاگت کتنی آئی ہے؟اور اب تک کتنی رقم جاری کی چکی ہے؟

(ب)اس وقت اسٹیڈیم میں کون کون سی سہولیات میسر ہیں؟

(ج)وہاں تعینات اسٹاف کی کل تعداد کیا ہے؟

(د)اسٹیڈیم کے ماہانہ اخراجات کی مد میں کتنا پیسہ خرچ ہوتا ہے؟

(ذ)مزید کون کون سے کام زیر تکمیل ہیں اوران پر کب تک عملدرآمد مکمل ہوگا۔تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 22, 2025 -- 06:04 PM - Mon
**Question # 1856**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
محترمہ جمیلہ پراچہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کوہاٹ کے KDA ٹیچنگ ہسپتال اور لیاقت میموریل ہسپتال میں فی الوقت کتنی ایکسرے مشینیں، سی ٹی سکین مشینیں اور دیگر تشخیصی مشینری موجود ہیں؟ اور ان کی حالت کیا ہے؟

(ب) لیاقت میموریل ہسپتال میں مزید مشینری یا وارڈز کے حوالے سے حکومت کی کیا منصوبہ بندی ہے؟

(ج) مذکورہ ہسپتالوں میں دل کے امراض کے علاج کے لیے کتنے اسپیشلسٹ ڈاکٹرز (کارڈیالوجسٹ) موجود ہیں؟

(د) کیا مذکورہ ہسپتالوں میں میں دل کے امراض (Heart Diseases) کے علاج کے لیے خصوصی کارڈیالوجی یونٹ، انجیوگرافی/انجیوپلاسٹی کی سہولت دستیاب ہے یا مریضوں کو دوسرے شہروں منتقل کیا جاتا ہے؟ اگر سہولت موجود نہیں تو حکومت کب تک دل کے امراض کا مستقل مرکز قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

**Notice Date :** Sep 23, 2025 -- 09:50 AM - Tue
**Question # 1857**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) مردان میڈیکل کمپلیکس (ایم ایم سی) کے سابقہ اور موجودہ بورڈ آف گورنرز کے اراکین کے نام، عہدہ، پتہ اور کوائف کی تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز بورڈ آف گورنرز کی تبدیلی کی وجوہات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 26, 2025 -- 12:50 PM - Fri
**Question # 1860**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ دو سالوں میں ضلع کرک میں کتنے ترقیاتی منصوبے مکمل کیے گئے ہیں؟ اور کتنے منصوبے زیر تکمیل ہیں؟ تمام منصوبوں کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائیں۔

(ب) مذکورہ تمام منصوبوں کی تخمینہ لاگت اور کام کی نوعیت، مع اخراجات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 135 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 21 اگست 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:16 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1457**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات وجنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخواہ وائلڈ لائف اینڈ بائیوڈائیورسٹی ایکٹ 2015 کے تحت، خاندان Accipitridae کے تمام اراکین بشمول نقل مکانی کرنے والے شمالی گوس ہاک کو تیسرے شیڈول (Accipiter gentiles) میں محفوظ جانوروں کے طور پر شامل کیا گیا ہے جس کے شکار اور قبضے پر پابندی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ گوس ہاک پاکستان میں ایک نقل مکانی کرنے والی نسل ہے جو کہ مقامی پرندہ نہیں اور بین الاقوامی ادارہ IUCN اسے کم تشویش والی نسل کے طور پر درجہ بندی میں شمار کرتا ہے، تو کیا وائلڈ لائف ڈیپارٹمنٹ اس درجہ بندی کی سائنسی بنیاد یا تخلیق کی وضاحت کر سکتا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

(ج) اس مجوزہ نسلی پرندے کی نقل مکانی کی نوعیت اور عالمی تحفظ کی حیثیت کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا اس درجہ بندی پر نظر ثانی کرنے کے لئے محکمانہ / حکومتی منصوبے زیر غور ہیں؟ یا نہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 02:38 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1714**
**Sent to Dept Date:** Aug 20, 2025 - Wed
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر اوقاف حج، مذہبی اور اقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا میں اقلیتوں کی آبادی موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تمام اقلیتوں کی آبادی کی تعداد کی تمام مذاہب وائز تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز تمام اضلاع میں اقلیتوں کے تمام مذاہب کے لوگوں کی تعداد الگ الگ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 02:40 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1702**
**Sent to Dept Date:** Aug 18, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لیبر ڈیپارٹمنٹ میں ڈاکٹرز تعنیات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈاکٹر کی کل تعداد اور مدت ملازمت سمیت ہر ایک ڈاکٹر کے نام، PMDC کی رجسٹریشن کے کاغذات کی کاپیاں الگ الگ فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Aug 12, 2025 -- 09:30 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1707**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرماہیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے صوبے میں دریاوں سے سونا نکالنے کے معاہدے کئے ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو نظام پور، کوہاٹ، کوہستان، صوابی میں کن کن کے ساتھ کس طریقہ کار کے تحت معاہدے کئے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:42 AM - Wed
**Question # 1744**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 01, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں مختلف قسم کی معدنیات کے ذخائر پائے جاتے ہیں ؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ ان معدنیات کی لیز من پسند لوگوں کو دی گئی ہیں؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i)ضلع ہری پور میں کل کتنی قسم کی اور کون کونسی معدنیات اور کہاں کہاں پر پائی جاتی ہیں؟

(ii)مذکورہ معدنیات کی لیز کس کس کو دی گئی ہیں اوران کی مالیت کتنی تھی؟لیز ہولڈرز کی مکمل تفصیل 2020 سے فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:40 PM - Fri
**Question # 1843**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی،ماحولیات،جنگلات وجنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات ضلع ہری پور کی طرف سے مقامی استعمال کیلئے لکڑی کا کوٹہ مقرر ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ ضرورت مندوں کو چھان بین اور تحقیقات کے بعد لکڑی کا پرمٹ دیا جاتا ہے؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2022 میں ضلع ہری پور میں جن افراد کو پرمٹ دیے گئے ہیں۔ان کی فہرست بمعہ مقصد وتعداد لکڑی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 03:30 PM - Mon
**Question # 2149**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 15, 2026 - Wed
**محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہِ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبہ کے مختلف اضلاع میں غیر قانونی کان کنی(Illegal Mining)جاری ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو اس کے سدِباب کے لیے حکومت نے کیا اقدامات کیے ہیں،اوراس ضمن میں کتنے مقدمات درج کیے گئے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 03:37 PM - Mon
**Question # 2148**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 13, 2026 - Mon
**محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت وحرفت وفنی تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران صوبہ میں کتنی صنعتیں قائم کی گئی ہیں اوران میں سے کتنی فعال ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) صنعتی زونز میں بنیادی سہولیات،بشمول بجلی،گیس اور پانی،کی فراہمی کی موجودہ صورتِ حال کیا ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج)خواتین کے لیے صنعتی شعبے میں روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے کیا کوئی خصوصی پالیسی موجود ہے؟اگر ہاں،تو اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 136 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 24 اگست 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Nov 25, 2025 -- 04:30 PM - Tue
سوال نمبر **Question # 2008**
**Sent to Dept Date:** Jan 09, 2026 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے سال 2024 کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے حکم پر دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کے لیے مختص شدہ 100 فیصد کوٹہ ختم کر دیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا اطلاق سال 2024 سے پہلے فوت شدہ ملازمین کے بچوں پر نہیں ہوتا؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 23-2020 تک مذکورہ کوٹہ کی مد میں بھرتی شدہ افراد کی فہرست بمعہ بھرتی کے منتظر افراد کی میرٹ لسٹ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 30, 2026 -- 03:22 PM - Thu
سوال نمبر **Question # 2119**
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں ڈی سلٹنگ کے منصوبوں پر عملدرآمد کے لیے کنٹریکٹرز یا ٹھیکداروں کی خدمات حاصل کی گئی تھیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) متعلقہ ٹھیکداروں/فرمز کی تفصیل، پراکیورمنٹ طریقہ کار اور معاہدوں کی نوعیت کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز ان منصوبوں کے نتیجے میں سیلابی پانی کے بہاؤ، نکاسی آب کے نظام اور زرعی زمینوں پر مرتب ہونے والے اثرات و نتائج کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 137 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 28 اگست 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:13 AM - Fri
**Question # 1836**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم،ارکائیوز وکتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ اعلی تعلیم ڈگری کالجز میں بی ایس پروگرام کا سلسلہ ختم کرکے اسے صرف یونیورسٹیز تک محدود کرنے کا جارہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے کے کون کونسے ڈگری کالجز سے بی ایس پروگرام ختم کئے جارہی ہے نیز اسکی ختم کرنے کی وجوہات سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 04:08 PM - Wed
**Question # 1891**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 27, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہِ کرم وزیر برائے خوراک ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں پرائس کنٹرول کمیٹی محکمہ خوراک کے زیرِ نگرانی کام کرتی ہے اور ذخیرہ اندوزی یا ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائیاں بھی محکمہ ھٰذا کے ذریعے عمل میں لائی جاتی ہیں؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ بتایا جائے کہ گزشتہ ایک سال کے دوران کتنی کارروائیاں کی گئیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 04, 2025 -- 10:25 AM – Thu
**Question # 1916**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 10, 2025 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر اطلاعات وتعلقات عامہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ میں معلومات تک رسائی کا قانون نافذ العمل ہے؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) گذشتہ دوبرسوں میں صوبہ بھر کے سرکاری محکموں میں Right to Information Act مؤثر عملدرآمد کیلئے کمیشن نے کن اصلاحاتی اقدامات، ٹریننگ پروگرامز، نوٹسز، معائنوں اور جرمانوں کا اطلاق کیا مکمل تفصیل فراہم کی جائیں

(ii) اٹھائے گئے اقدامات کے نتیجے میں کن محکموں کی کارکردگی میں بہتری یا کمی سامنے آئی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

(iii) صوبے کے عوام میں RTI کے بارے میں آگاہی بڑھانے کیلئے کونسی awareness مہمات چلائی گئیں؟ تفصیل فراہم کرے۔

**Notice Date :** Dec 10, 2025 -- 04:41 PM - Wed
**Question # 1923**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہِ کرم وزیر برائے محکمہ خوراک ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ضلع خیبر میں محکمہ خوراک کے دفاتر موجود ہیں؟ اگر مذکورہ دفاتر ضلع خیبر میں موجود نہیں ہے تو براہِ کرم یہ وضاحت فرمائی جائے کہ صوبائی حکومت ضلع خیبر میں محکمہ خوراک کے دفاتر کے قیام کے لیے کیا اقدامات کر رہی ہے؟

**Notice Date :** Dec 15, 2025 -- 11:24 AM - Mon
**Question # 2023**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبہ بھر میں طلباء وطالبات کی تعداد کتنی ہے؟ ہر ضلع کی سکول وائز تعداد فراہم کی جائے۔

(ب) جن سکولوں میں طلباء وطالبات کی تعداد مطلوبہ تعداد سے کم ہے وہاں حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے؟

(ج)جو بچے سکولوں میں داخل نہیں ہیں ان کو تعلیم کی طرف راغب کرنے کے لیے حکومت کی کیا پالیسی ہے ؟تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Dec 26, 2025 -- 03:08 PM - Fri
**Question # 1986**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پشاور تعلیمی بورڈ کے امتحانات میں شامل ہونے والے امیدواروں کی تعداد، جمع کردہ عام فیس، ڈبل فیس، ریچکنگ فیس، کیسوں کی تعداد، ٹھیک کردہ پیپرز کی تعداد اور کوئی معافی عام فیس کی تفصیل مستحق کیسوں میں گزشتہ تین سالوں کی تفصیلات فراہم کی جائیں اور نہ دینے کی وجوہات بیان کریں۔

**Notice Date :** Jan 06, 2026 -- 12:21 PM - Tue
**Question # 2021**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ دور حکومت میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں ضلع خیبر کے لیے ترقیاتی فنڈز مختص کیے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع خیبر کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا اور ابھی تک کتنا فنڈ جاری اور کتنا خرچ کیا گیا؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 09, 2026 -- 11:56 AM - Fri
**Question # 2030**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر اطلاعات و تعلقاتِ عامہ ازراہِ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پختونخوا ریڈیو اسٹیشن ایبٹ آباد کے اسٹور میں موجود پرانا فرنیچر، کمپیوٹرز، الیکٹرانک آلات اور دیگر سامان مجاز اتھارٹی کی اجازت کے بغیر فروخت کیا گیا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کیا مذکورہ سامان کو اسکریپ کے طور پر فروخت کرنے سے قبل مجاز/متعلقہ فورم سے قواعد کے مطابق منظوری حاصل کی گئی تھی؟

(ii) فروخت کیے گئے سامان کی مجموعی مالیت کتنی تھی؟

(iii) فروخت سے حاصل ہونے والی رقم کہاں اور کس مد میں جمع کرائی گئی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 12, 2026 -- 02:47 PM - Mon
**Question # 2050**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 30, 2026 - Fri
**محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز اور کتب خانے ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخوا کی سرکاری جامعات میں بالخصوص کیمسٹری، فزکس، بایوٹیکنالوجی، سائبر، میڈیکل اور دیگر سائنسی و تکنیکی شعبہ جات، محض ڈگریاں جاری کرنے تک محدود ہیں یا ان کے ذریعے تحقیق، جدت (Innovation)، نئی ٹیکنالوجیز، مصنوعات یا سائنسی حل بھی متعارف کرائے گئے ہیں؟ ان تحقیقی و سائنسی کاوشوں سے صوبے، عوام یا صنعت کو کیا عملی فائدہ حاصل ہوا؟

(ب) سال 2024 سے اب تک متعارف کرائی گئی نمایاں ایجادات، تحقیقی منصوبوں، پیٹنٹس، ٹیکنالوجیز یا قومی و بین الاقوامی سطح پر قابلِ استعمال نتائج کی مختصر تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) اگر مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہو سکے تو اس کی بنیادی وجوہات فنڈز کی کمی، حکومتی سرپرستی کا فقدان، صنعتی روابط کی عدم موجودگی یا تحقیق کو ترجیح نہ دینا ہے؟ نیز اس صورتِ حال کی بہتری کے لیے حکومت کے ٹھوس اقدامات اور مستقبل کے لائحۂ عمل سمیت مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jan 14, 2026 -- 04:27 PM - Wed
**Question # 2048**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 30, 2026 - Fri
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم،ارکائیوز وکتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہری پور میں منگ کے مقام پر قائم Pak-Austria Fachhochschule Institute of Applied Sciences and Technology (PAF-IAST) بنیادی طور پر ٹیکنکل تعلیم کے لیے بنایا گیا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس کے قیام کا مقصد اس ادارے کے طلباء کو مزید تعلیم کے لیے Austria میں بھیجنا تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ابھی تک کتنے طلباء کو Austria میں مزید تعلیم کے لیے بھیجا گیا ہے؟ نام و پتہ کے ساتھ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 27, 2026 -- 04:34 PM - Tue
**Question # 2060**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 18, 2026 - Wed
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخوا میں اس وقت کل کتنی سرکاری (پبلک سیکٹر) جامعات قائم ہیں؟ ان جامعات کی مکمل فہرست فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 11, 2026 -- 11:26 AM - Wed
**Question # 2071**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 26, 2026 - Thu
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت ضلع لکی مروت میں 18 سال سے کم عمر کتنے بچے اور بچیاں زیر تعلیم ہیں؟ یونین کونسل کی سطح پر اعداد و شمار فراہم کی جائیں۔

(ب) اس وقت ضلع بھر میں کُل کتنے بچے اور بچیاں سکولوں سے باہر ہیں؟ فی یونین کونسل کے حساب سے اعداد و شمار فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Apr 14, 2026 -- 09:04 AM - Tue
**Question # 2147**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 13, 2026 - Mon
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرِابتدائی وثانوی تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع صوابی میں اس وقت بڑی تعداد میں بچیاں سکولوں سے باہر ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع صوابی میں اس وقت کل کتنی بچیاں سکولوں سے باہر ہیں؟ اور رواں سال کتنی بچیوں کا اندراج کروایا گیا ہے؟

(ii) نیز اس وقت تعلیم سے محروم بچیوں کی تعلیم کے لیے کون کونسے خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 14, 2026 -- 02:45 PM - Tue
**Question # 2151**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 13, 2026 - Mon
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع صوابی میں اس وقت بہت سے بچے سکولوں سے باہر ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) ضلع صوابی میں اس وقت کتنے بچے سکولوں سے باہر ہیں؟ اور رواں سال کتنے بچوں کا اندراج کیا گیا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) حکومت تعلیم سے محروم بچوں کے لیے کون سے خصوصی اقدامات اٹھا رہی ہے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 09, 2026 -- 12:01 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 2161**
**Sent to Dept Date:** Jul 17, 2026 - Fri
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سرکاری سکولوں میں طلباء کے بڑھتے ہوئے ڈراپ آؤٹ ریٹ(Dropout rate)کو کم کرنے کے لیے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے؟

(ب) گزشتہ تین سالوں میں صوبہ بھر میں کتنے طلباء و طالبات نے سکول چھوڑا ؟پرائمری، مڈل اور ہائی سکولز کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج)دورافتادہ اضلاع اور خصوصاً دیہی علاقوں میں تعلیمی سہولیات کی بہتری اور تعلیم جاری رکھنے کے لیے کون سی خصوصی سکیمیں وظائف متعارف کروائے گئے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 19, 2026 -- 04:03 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 2174**
**Sent to Dept Date:** Jul 17, 2026 - Fri
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم نے پرائمری سطح سے بارھویں جماعت تک پشتو زبان کو بطور مضمون لازمی قرار دیا ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو کیا ہندکو، سرائیکی، کھوار (چترالی)اور دیگر مقامی زبانیں بولنے والے طلبہ کے لیے یہ پالیسی مشکلات کا باعث نہیں بنے گی؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 138واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 31 اگست 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:19 PM - Mon
**Question # 1460** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ جنوری 2025 میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں محکمہ کے زیر نگرانی مختلف سکیمیں مکمل ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیموں کے لئے زمین کن افراد نے دی ہے؟ الاٹ شدہ زمین حکومت یا محکمہ ہذا کے نام پر منتقل ہوئی ہے یا نہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:20 PM - Mon
**Question # 1562** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈیڈک ایکٹ کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں چیئر مینوں کا انتخاب کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں ڈیڈک چیئر مینوں کا انتخاب کر لیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کا جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) صوبے کے کتنے اضلاع میں ڈیڈک چیئر مینوں کا انتخاب عمل میں لایا جا چکا ہے؟۔

(ii) کتنے اضلاع میں مذکورہ ڈیڈک چیئر مینوں کا انتخاب تاحال عمل میں نہیں لایا گیا وجوہات بیان کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:47 PM - Fri
**Question # 1827** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں سال 2018 سے اب تک مختلف سڑکیں، سکول اور کھیل کے میدان تعمیر ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ وقت میں کتنی سڑکیں، سکول اور کھیل کے میدان کہاں کہاں پر مکمل ہوئے؟ اور کتنے نامکمل ہیں؟ ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 13, 2025 -- 12:33 PM - Thu
**Question # 1912** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 09, 2025 - Tue
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہاؤسنگ سوسائٹیز کے ایکٹ / قانون میں مکینوں کو فراہمی آب کی شق شامل ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ہاؤسنگ سوسائٹیز زیر زمین صاف پانی کے ذخائر سے استفادہ حاصل کر رہے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو؛

(i) سوسائیٹز حکومت کو کس طریقہ کار کے تحت پانی کے ذخائر استعمال کرنے کی ادائیگیاں کرتی ہیں؟

(ii) اگر ادائیگیاں نہیں کر رہی تو حکومت اس ضمن میں کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہیں؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Dec 10, 2025 -- 04:46 PM - Wed
**Question # 1963**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پشاور میں مختلف مقامات پر عوام سے بھاری پارکنگ فیس وصول کی جارہی ہے؟

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہوتو:

پارکنگ فیس کے لیے کون کون سی جگہیں مقرر کی گئی ہیں، اور ہر جگہ کے لیے کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ فیس کتنی مقرر ہے؟ یہ فیس کس قانون یا ضابطے کے تحت متعین کی گئی ہیں؟

پشاور میں کل کتنے ٹھیکے جاری کیے گئے ہیں، اور کس کس کو (پارکنگ ٹھیکے) دیے گئے ہیں؟ براہ کرم مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 12, 2025 -- 02:20 PM - Fri
**Question # 1961**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**جناب ارباب محمد وسیم خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) خیبر پختونخوا سٹیزن امپروومنٹ پراجیکٹ (KPCIP) کے لیے فنڈز کن کن ذرائع سے حاصل کیے جارہے ہیں؟

(ب) اس منصوبے کے لیے ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) یا کسی دیگر ڈونر ایجنسی سے کتنی رقم بطور قرض یا گرانٹ منظور کی گئی ہے؟

(ج) صوبائی حکومت اس منصوبے میں کتنی مالی شراکت رکھتی ہے۔ اب تک اس منصوبے کے تحت کتنا فنڈ جاری کیا جاچکا ہے اور کتنی رقم خرچ ہو چکی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 15, 2025 -- 11:25 AM - Mon
**Question # 1933**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ نے صوبے کی کتنے فیصد آبادی کو صاف، فلٹر شدہ اور ٹیسٹ شدہ پانی کی سہولت فراہم کی ہے؟ نیز اسی ضمن میں کئے گئے پانی کی ٹیسٹ شدہ نمونوں کی رپورٹس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 23, 2025 -- 12:32 PM - Tue
**Question # 2010**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 12, 2026 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2025 کے دوران صوبے کے تمام حلقوں کو ایک ایک کروڑ روپے فنڈ ٹرانسفامرز مرمت و تنصیب کی مد میں جاری کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہوتو

(i) مذکورہ فنڈ کس طریقہ کار کے تحت حلقہ پی کے 19، پی کے 20، پی کے 21 اور پی کے 22 میں کن حکام کے احکامات پر کہاں کہاں کون کون سے مدات میں جاری اور خرچ کیا گیا ہے؟

(ii) مذکورہ حلقوں کی تفصیل یونین کونسل وائز، ویلج کونسل وائز و نیبر ہوڈ کونسل وائز علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائے۔ نیز جاری شدہ فنڈز کن لوگوں کے حوالے اور کن لوگوں کے ذریعے خرچ کی گئی تھی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 26, 2025 -- 03:04 PM - Fri
**Question # 1981**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر قانون، پارلیمانی امور وانسانی حقوق ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ نے گزشتہ دو سالوں کے دوران کتنے کیسوں میں یا قانون سازی کے لیے دوسرے محکموں کو رائے (opinion) دی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 06, 2026 -- 12:23 PM - Tue
**Question # 2026**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 23-2022 اور 25-2024 کے دوران صوبے اور خصوصاً ضلع خیبر میں نئی سڑکوں کی تعمیر کے لئے رقم مختص کی گئی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گذشتہ دو سال میں ضلع خیبر سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں کل کتنے کلومیٹر نئے روڈ پختہ / تعمیر ہوئے؟ حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 12, 2026 -- 02:48 PM - Mon
**Question # 2031**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
**محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات، الیکشن و دیہی ترقی از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (PDA) میں ملازمین کی کل تعداد کتنی ہے؟

(ب) ان ملازمین کی گریڈ وار تنخواہوں اور الاؤنسز کی مد میں ماہانہ مجموعی طور پر کتنی رقم ادا کی جاتی ہے؟

(ج) وصول شدہ ٹیکسز و چارجز، پلاٹ ٹرانسفرز، نیلامی (Auction)، ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر اخراجات کی گزشتہ تین برسوں کی سال وار تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jan 14, 2026 -- 10:10 AM - Wed
**Question # 2039**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
**محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر لائیوسٹاک، ماہی پروری و کوآپریٹو از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبائی سطح پر محکمہ لائیوسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ میں مختلف کیڈرز کے تحت منظور شدہ آسامیوں کی مجموعی تعداد کتنی ہے؟ اس کی کیڈر وائز اور ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) صوبہ بھر میں ہر کیڈر کے لحاظ سے اس وقت کتنی آسامیاں پُر (Working) ہیں اور کتنی خالی ہیں؟

(ج) اگر آسامیاں خالی ہیں تو ہر ضلع میں خالی آسامیوں کی تعداد اور نوعیت (مستقل، عارضی، کنٹریکٹ وغیرہ) کی کیڈر وائز مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 139 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ یکم ستمبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:22 PM - Mon
**Question # 1543**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہسپتالوں میں صحت کارڈ پر مریضوں کا علاج معالجہ ہو رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 2018 سے اب تک کتنے مریضوں کا علاج ممکن ہو سکا ہے؟

(ii) موجودہ حکومت کے دور میں HMC-KTH-LRH اور کڈنی سنٹر حیات آباد میں کل کتنے مریضوں کا علاج صحت کارڈ پر کیا گیا۔ ہر ہسپتال کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:23 PM - Mon
**Question # 1544** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**Mrs/Ms Shehla Bano, Member Provincial Assembly**

Will the minister for Health state that
(a) Is it true that 19 new air conditions were stolen from Hayatabad Medical Complex?
(b) If reply of (a) is in affirmative then:
(i) What steps were taken against the culprits and in how much time the inquiry will be completed.
(ii) Who is responsible for this mishap /blunder?
(iii) Did the department suspend anyone from competent authority in this regard? Provide detail.

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:08 PM - Mon
**Question # 1418**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی اینڈ ڈی میں مختلف پروجیکٹس میں کنسلٹنٹ بھرتی کئے گئے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پی اینڈ ڈی میں پروجیکٹس کے لیے contingent staff بھی رکھا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ماہانہ کنسلٹنٹ اور contingent staff کو تنخواہوں کی مد میں کتنی رقم ادا کی جاتی ہے؟

(ii) نیز ان کی بھرتی کا طریقہ کار کیا ہے اور ان کی افادیت کیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:09 PM - Mon
**Question # 1422**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصونہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 13 جون 2024 کو وزیراعلیٰ صاحب نے خط نمبر /D14/10-5-14/98&C/RD/P2511 کے ذریعے خیبر پختونخوا کے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ریلیز آف فنڈ ٹو ڈسٹرکٹس کے عنوان سے ایک خط بھیجا گیا تھا۔ جس میں فنڈ کی تقسیم کا طریقہ کار کو واضح کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع وائز اور حلقہ وائز ہر ایم پی اے کو کتنا کتنا فنڈ دیا گیا ہے تقسیم کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 29, 2025 -- 04:30 PM - Mon
**Question # 1841**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا صوبائی وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت اضلاع میں مختلف کیٹیگریز کے ہسپتالوں اور ہیلتھ سنٹرز (RHC، BHU، THQ اور DHQ) کے لئے مختلف آسامیوں کی منظوری دیتا ہے اور اسی کے مطابق عملہ تعینات کیا جاتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ اداروں میں منظور شدہ آسامیوں کی تعداد اور ان پر ڈاکٹرز و دیگر عملے کی تعیناتی کی موجودہ پالیسی کیا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 29, 2025 -- 04:31 PM - Mon
**Question # 1837**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع لوئر کوہستان میں ڈی ایچ کیو، ٹی ایچ کیوز، آر ایچ سی اور بی ایچ یوز میں ڈاکٹرز اور دیگر عملے کی کتنی منظور شدہ (Sanctioned) آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) ضلع لوئر کوہستان میں محکمہ صحت کے زیرِ تعینات عملے کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) ضلع لوئر کوہستان کے مختلف کیٹیگریز کے ہسپتالوں اور ہیلتھ سینٹرز میں خالی آسامیوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 06, 2025 -- 12:41 PM - Mon
**Question # 1956**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقیات ازراہِ کرم ایوان کو آگاہ فرمائیں گے کہ:

(الف) سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے 2018 تا 2023 کے دوران حلقہ PK-71 کے لیے مختص کیے گئے فنڈز میں سے کتنا اجراء کیا گیا اور کتنا بالفعل خرچ ہوا؟

(ب) مذکورہ منصوبوں میں سے کتنے منصوبے مکمل ہو چکے ہیں اور کتنے تکمیل کے مراحل میں ہیں؟ خرچ شدہ فنڈز کی تفصیلات فراہم کی جائیں نیز یہ رقوم کن منصوبوں پر صرف کی گئیں، منصوبوں کے نام اور مقامات کی مکمل تفصیل ایوان میں پیش کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:30 PM - Fri
**Question # 1881**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ہری پور کی ڈی ایچ کیو ہسپتال کے لان کی خوبصورتی کے لیے سال 2023 سے تاحال کتنا فنڈ منظور ہوا ہے اور اس میں سے کتنا خرچ ہو چکا ہے؟ اور کس کام پر خرچ ہوا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ لان میں کون کون سے پودے کتنی مقدار میں اور کتنی مالیت کے لگائے گئے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:32 PM - Fri
**Question # 1997**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا صوبائی وزیرِ صحت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال ضلع ہری پور میں سکیل 1 سے سکیل 15 تک کل کتنے ملازمین تعینات ہیں؟ ان کے نام، عہدہ، سکیل، پتہ، تعیناتی کی جگہ اور مدتِ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 16, 2025 -- 02:50 PM - Thu
Question # 1882سوال نمبر
Sent to Dept Date: Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کیٹیگری ڈی ہسپتال گاڑہ تاجک واقع کوچیان ورسک روڈ میں MS اور DMS نے اپنے طور پر اپنے منظور نظر بندے کو کینٹین کے لیے جگہ فراہم کی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو متذکرہ کینٹین کس کو اور کس بنیاد پر فراہم کی گئی ہے؟ اور کینٹین کے لیے ٹینڈر کب اور کون سے اخبار میں شائع ہوا تھا۔ مکمل تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Oct 20, 2025 -- 05:33 PM - Mon
Question # 2006سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 09, 2026 - Fri
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہ کرم وزیر ثقافت، سیاحت، آثار قدیمہ و عجائب گھر ارشاد فرمائیں کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سیاحوں کے تحفظ اور رہنمائی کے لیے صوبے میں ٹورازم پولیس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ وضاحت فرمائی جائے کہ :

1-ٹورازم پولیس میں بھرتی کب، کس طریقہ کار کے تحت، کتنی تعداد میں اور کن کن اضلاع میں کی گئی؟

2-کیا یہ بھرتی کنٹریکٹ (Contract) کی بنیاد پر کی گئی ہے؟ نیز کیا ٹورازم پولیس کو دیگر سیاحتی اضلاع میں بھی قائم کرنے کا کوئی منصوبہ موجود ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 29, 2025 -- 12:30 PM - Wed
Question # 1993سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر انتظام Pakistan Institute of Prosthetic and Orthotics میں کنٹریکٹ ملازمین کام کر رہے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال 2024ء اور 2025ء کے دوران محکمہ نے کچھ ملازمین کو برطرف کیا دیا ہے؟

اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو برطرف ملازمین کو کن وجوہات پر برطرف کیا گیا ہے؟ نیز اس وقت انسٹیٹیوٹ میں تاحال کتنے کنٹریکٹ ملازمین کام کر رہے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Nov 03, 2025 -- 10:30 AM - Mon
Question # 1990سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) ضلع کرک میں یکم جنوری 2023ء سے لیکر آج تک صوبائی حکومت نے کتنی نئی ڈویلپمنٹ (ADP/پراجیکٹ) سکیمیں متعارف کروائی ہیں؟ براہ کرم کل تعداد کے ساتھ ہر سکیم کا نام شعبہ سڑک/پانی/تعلیم/صحت/مائنز وغیرہ، ابتدائی لاگت اصل تخمینہ، اور فنڈنگ کا ذریعہ صوبائی وفاقی/بین الاقوامی پی ایس ڈی پی وغیرہ فراہم کیا جائے۔

(ب) ان سکیموں میں سے کتنی سکیمیں مکمل ہو چکی ہیں؟ کتنی زیر تکمیل ہیں اور کتنی وہ ہیں جن کا کام ابھی تک شروع نہیں ہوا؟ ہر سکیم کے سامنے موجودہ حیثیت اور متوقع تکمیل کی تاریخ واضح کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 13, 2025 -- 12:32 PM - Thu
**Question # 1901**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2025 - Tue
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)اس وقت صوبہ بھر کے ہسپتالوں میں کل کتنے وینٹی لیٹرز،ایکسریز،ایم آر آئی اور سی ٹی سکین مشینیں موجود ہیں؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 18, 2025 -- 11:00 AM - Tue
**Question # 1907**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2025 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے ضلع خیبر کے لئے مالی سال 25-2024اور 26-2025 کے دوران صحت کی مد میں فنڈز مختص کئے تھے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب مثبت میں ہو تو محکمہ صحت نے ضلع خیبر کے لیے کتنے فنڈز مختص کئے؟مختص شدہ فنڈز کو کہاں کہاں پر خرچ کیا گیا؟مکمل تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Nov 26, 2025 -- 09:22 AM - Wed
**Question # 1995**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)صوبہ خیبر پختونخوامیں پچھلے دس سالوں میں کتنے ہسپتال کھولے گئےاور کتنے نئے یونٹ بنائے گئے؟

(ب)کن کن اضلاع میں کس نام سے ہسپتال کھولے گئے ،کتنے اپ گریڈ کیے گئے ہیں اور کتنے زیر تعمیر ہیں؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 140 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 4 ستمبر 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:17 PM - Mon
**Question # 1458** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ معدنیات سے متعلق مروجہ قوانین کے تحت کوئلے، قیمتی پتھروں اور دیگر معدنیات کے بڑے ذخائر کے قریب ایمرجنسی ہسپتالوں، ریسکیو عملہ، ہیوی مشینری اور جدید طبّی سہولیات سے آراستہ ایمبولینس کی موجودگی لازمی ہوتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) صوبہ بھر میں معدنیات کے بڑے ذخائر کے قریب ان سہولیات اور ضروریات کو یقینی بنانے کے ذمہ دار کون سے محکمے ہیں؟ اور ان کی مانیٹرنگ کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii) نیز گزشتہ پانچ سالوں کے دوران معدنیات کے بڑے ذخائر میں حادثات کے موقع پر ایمرجنسی لوازمات کی عدم فراہمی پر کتنے واقعات کی انکواریاں کی گئی؟ اور ان انکوائریوں کے نتیجے میں جن ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کاروائیاں عمل میں لائی گئی ہیں۔ ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 03:31 PM - Mon
**Question # 2172** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 20, 2026 - Mon
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر معدنیات ازراہِ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا درست ہے کہ حکومت نے معدنیات سے حاصل ہونے والی آمدن میں مقامی آبادی کے لیے حصہ مقرر کیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مقامی آبادی میں آمدن میں حصہ کس طریقہ کار کے تحت تقسیم کیا جاتا ہے تفصیل فراہم کریں۔

(ii) صوبہ خیبر پختونخوا میں معدنیات کے شعبے میں کتنے افراد کو روزگار فراہم کیا گیا ہے؟ مستقل اور عارضی ملازمین کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 03:33 PM - Mon
**Question # 2165** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 20, 2026 - Mon
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر معدنیات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ معدنیات کے لیز کی الاٹمنٹ اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے کوئی باقاعدہ طریقہ کار موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) کیا لیز الاٹمنٹ کے عمل میں سیاسی اثر ورسوخ کا عمل دخل ہوتا ہے؟

(ii) اگر نہیں، تو شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے کون سا موثر میکنزم موجود ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) منرلز اینڈ ڈویلپمنٹ کے شعبے میں گزشتہ تین سالوں کے دوران کون کون سی بڑی اصلاحات کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 19, 2026 -- 04:01 PM - Fri
**Question # 2137** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2026 - Wed
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صنعت وحرفت اور فنی تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) خیبر پختونخوا میں خواتین کے چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کہاں کہاں قائم ہیں اور ان کی رجسٹریشن کہاں کہاں ہوئی ہے؟

(ب)خواتین کے چیمبر زآف کامرس اینڈانڈسٹری کی رجسٹریشن کاطریقہ کار کیاہے؟

(ج)اگرصوبہ کے دیگراضلاع میں خواتین کے چیمبر زآف کامرس اینڈانڈسٹری قائم نہیں ہیں توکیاحکومت ان کے قیام کے لئے کوئی منصوبہ رکھتی ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2026 -- 01:20 PM - Tue

**Question # 2156**سوال نمبر

**Sent to Dept Date:** Jul 17, 2026 - Fri

جناب منیر حسین صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی،ماحولیات،جنگلات وجنگلی حیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ کاغان ویلی تحصیل بالاکوٹ میں محکمہ جنگلات نے رقبہ لیزپر دیاہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ محکمہ ہذاکی ملکیت اورریزروفارسٹ میں قبضہ گروپ نے غیر قانونی تعمیرات بھی کئے ہیں؟

(ج)اگر(الف)اور(ب)کے جوابات اثبات میں ہوتو:-

(i)تحصیل بالاکوٹ میں محکمہ نے کن کن افراد کوکتنی کتنی زمین کب اور کن کن شرائط پر دیاہے مکمل تفصیل فراہم کرے۔

(ii)کاغان اورناران کے سیاحتی علاقوں میں محکمہ جنگلات کی ملکیت اورریزروفارسٹ میں غیر قانونی قبضہ کرکے کن کن لوگوں نے تعمیرات کی ہوئی ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔